| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

0 0 0 0   0 0 0 0 0 0 0
1 1 1 1   1 1 1 1 1 1 1
2 2 2 2   2 2 2 2 2 2 2
3 3 3 3   3 3 3 3 3 3 3
4 4 4 4   4 4 4 4 4 4 4
5 5 5 5   5 5 5 5 5 5 5
6 6 6 6   6 6 6 6 6 6 6
7 7 7 7   7 7 7 7 7 7 7
8 8 8 8   8 8 8 8 8 8 8
9 9 9 9   9 9 9 9 9 9 9

Answer Sheet No.____________

Sign. of Candidate ___________

Sign. of Invigilator ___________

FBISE PAST PAPERS

# اردو(لازمی)برائے جماعت نہم

ماڈل سوالیہ پرچہ(کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل(کل نمبر:15،وقت:20منٹ)

حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔**لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر1:** ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

(1) اردو میں ہر جملے کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟

(A) ایک ○ (B) دو ○
(C) تین ○ (D) چار ○

(2) ایسا جملہ جس میں مسند اور مسند الیہ، دونوں اسم ہوں، کیا کہلاتا ہے؟

(A) جملہ اسمیہ ○ (B) جملہ فعلیہ ○
(C) جملہ معترضہ ○ (D) استفہامیہ ○

(3) جملہ اسمیہ میں مسند الیہ کو کیا کہتے ہیں؟

(A) فاعل ○ (B) فعل ناقص ○
(C) مبتدا ○ (D) خبر ○

(4) جملہ فعلیہ کے مسند کو کیا کہتے ہیں؟

(A) فاعل ○ (B) فعل ○
(C) مفعول ○ (D) مبتدا ○

(5) تشبیہ کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟

(A) چار ○ (B) پانچ ○
(C) چھ ○ (D) سات ○

(6) تشبیہ میں مشبہ اور مشبہ بہ کو کیا کہیں گے؟

(A) قوسین تشبیہ ○ (B) وسطین تشبیہ ○
(C) طرفین تشبیہ ○ (D) واوین تشبیہ ○

(7) قواعد کی رو سے استعارا میں کس کا ذکر نہیں ہوتا؟

(A) غرض تشبیہ ○ (B) مستعار منہٗ ○

(C) وجہ جامع ○ (D) مستعار لہٗ ○

(8) مندرجہ ذیل میں سے کس کے لغوی معنی "ادھار لینا" کے ہیں؟

(A) کنایہ ○ (B) مجاز مرسل ○

(C) استعارہ ○ (D) تشبیہ ○

(9) "بچہ شیر کی طرح بہادر ہے" قواعد کی رو سے یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

(A) تشبیہ ○ (B) روزمرہ ○

(C) محاورہ ○ (D) کنایہ ○

(10) کنایہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(A) واضح بات کرنا ○ (B) چھپی ہوئی بات کرنا ○

(C) اشاروں میں بات کرنا ○ (D) مذاق میں بات کرنا ○

(11) ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ردیف ○ (B) محاورہ ○

(C) روزمرہ ○ (D) قافیہ ○

(12) کس پیرائیہ بیان کے جملے میں ابہام اور حسن کے ساتھ ساتھ خیال اور جذبہ بھی ہوتا ہے؟

(A) ادبی ○ (B) صحافتی ○

(C) قانونی ○ (D) دفتری ○

(13) شکیل ناک پر نہیں بیٹھنے دیتا۔ جملے کو روزمرہ محاورہ کے اعتبار سے درست لفظ چن کر مکمل کریں۔

(A) مچھر ○ (B) مکھی ○

(C) جراثیم ○ (D) مٹی ○

(14) کُل کہ کر جزو یا جزو کہ کر کُل مراد لینا، قواعد میں کیا کہیں گے؟

(A) کنایہ ○ (B) مجاز مرسل ○

(C) تشبیہ ○ (D) استعارہ ○

(15) غیر مردف غزل ایسی غزل کو کہتے ہیں جس میں:

(A) قافیہ نہ ہو ○ (B) ردیف نہ ہو ○

(C) مطلع نہ ہو ○ (D) مقطع نہ ہو ○

---

FBISE PAST PAPERS

# فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت نہم

## اردو (لازمی) ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006)

وقت: 2:40 گھنٹے — کل نمبر: 60

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 34)

**سوال نمبر 2: (الف) حصہ نثر:**

**درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے آٹھ کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (8 x 2 = 16)

بی۔ اے پاس کرنے کے بعد چندر پرکاش کو ایک ٹیوشن کرنے کے سوا کچھ نہ سوجھا۔ اُس کی ماں پہلے ہی مر چکی تھی۔ اِسی سال والد بھی چل بسے اور پرکاش زندگی کے جو شیریں خواب دیکھا کرتا تھا وہ مٹی میں مِل گئے۔ والد اعلیٰ عہدے پر تھے ان کی وجہ سے چندر پرکاش کو کوئی اچھی جگہ ملنے کی پوری امید تھی مگر وہ سب منصوبے دھرے ہی رہ گئے اور اب گزر اوقات کے لیے صرف تیس روپے ماہوار کی ٹیوشن ہی رہ گئی۔ والد نے کوئی جائیداد نہ چھوڑی، اُلٹا بہو کا بوجھ اور سر پر لاد دیا اور عورت بھی ملی تو تعلیم یافتہ، شوقین، زبان طرار۔ جسے موٹا کھانے اور موٹا پہننے کی نسبت مر جانا قبول تھا۔ چندر پرکاش کو تیس روپے کی نوکری کرتے شرم تو آتی تھی لیکن ٹھاکر صاحب نے رہنے کے لیے مکان دے کر ان کے آنسو پونچھ دیے۔ یہ مکان ٹھاکر صاحب کے مکان سے بالکل ملا ہوا تھا۔ پختہ، ہوادار، صاف ستھرا اور ضروری سامان سے آراستہ ایسا مکان بیس روپے ماہوار سے کم میں نہ مل سکتا تھا۔ کام صرف دو گھنٹے کا تھا۔ لڑکا تو لگ بھگ انہی کی عمر کا تھا مگر بڑا کند ذہن، کام چور، ابھی نویں جماعت میں پڑھتا تھا۔

**سوالات:**

i. اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔

ii. عبارت کو پڑھ کر پرکاش کے کردار کی نمایاں خوبی بتائیے۔

iii. چندر پرکاش کو تیس روپے ماہوار نوکری کرتے شرم کیوں آتی تھی؟

iv. پرکاش کو اچھی جگہ ملنے کی امید کیوں تھی؟

v. پرکاش کی زندگی کے شیریں خواب مٹی میں کیوں مِل گئے تھے؟

vi. ٹھاکر صاحب نے جو مکان پرکاش کو دیا اس کی خصوصیات کیا تھیں؟

vii. پرکاش کی بیوی کی کون سی خوبیاں بتائی گئی ہیں؟

viii. پرکاش جس لڑکے کو پڑھانے جاتا تھا وہ کس قسم کا تھا؟

ix. عبارت کی روشنی میں بتائیے کہ مشکل وقت کا مقابلہ انسان کو کس طرح کرنا چاہیے؟

**(ب) حصہ شعر:**

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور دیے گئے سوالات میں سے پانچ کے جوابات لکھیے:** (5 x 2 = 10)

i. ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

ii. بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصل بہار میں

iii. ہے عارفوں کو حیرت اور منکروں کو سکتہ — ہر دل پہ چھا رہا ہے، رعب جلال تیرا

iv. کعبے کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ — شرم تم کو مگر نہیں آتی

v. فلسفہ و شعر کی، اور حقیقت ہے کیا — حرفِ تمنا، جسے کہہ نہ سکیں روبرو

**سوالات:**

i. ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھنا کیوں ضروری ہے؟



FBISE PAST PAPERS

ii. عارفوں کی حیرت اور منکروں پر سکتہ طاری ہونے کی وجوہات بیان کریں۔

iii. شاعر نے فلسفہ و شعر کی کیا حقیقت بیان کی ہے؟

iv. مرزا غالبؔ کو کعبہ جاتے ہوئے شرم کیوں آ رہی ہے؟

v. شاعر کے مطابق بلبل کو باغباں اور صیاد سے گلہ کیوں نہیں ہے؟

vi. شجر کے ساتھ پیوستہ رہنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

(ج) **حصہ قواعد:**

**مندرجہ ذیل میں سے چار کے جوابات تحریر کریں:** **(4 x 2 = 8)**

i. استعارہ اور تشبیہ میں فرق بتائیں۔

ii. نعت کس طرح حمد سے مختلف ہوتی ہے؟

iii. مطلع کی تعریف لکھیں اور ایک مثال دیں۔

iv. مرکب تام اور مرکب ناقص میں فرق بتائیے۔

v. غزل کس اعتبار سے نظم سے مختلف ہوتی ہے؟

## حصہ سوّم (کل نمبر 26)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عبارت کی تشریح کریں: (5)

الف۔ جس طرح ہر تصویر کے دو رُخ ہوتے ہیں: مثبت اور منفی۔ اِسی طرح سوشل میڈیا کا دوسرا رُخ بھی نہایت تاریک اور بھیانک ہے۔ سوشل میڈیا نے جہاں باہمی انسانی رابطوں کو سہل اور وسیع بنایا ہے وہیں محبت، اخلاص، رواداری، رکھ رکھاؤ پر منفی اثرات مرتب کرنے کا باعث بھی بنا ہے۔ شومیِ قسمت کہ ہم نے معلومات اور پیغامات کے اِس سیلاب میں خود کو اُلجھانے ہی میں اپنی بقا تصور کر لی ہے۔ ہماری علمی، تعلیمی، دینی، مذہبی، اخلاقی اقدار و روایات کا جنازہ نکلتا چلا جا رہا ہے۔

ب۔ نبوت کا تیرھواں سال شروع ہوا اور اکثر صحابہؓ مدینے پہنچ چکے تو وحیِ الٰہی کے مطابق: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی مدینے کا عزم فرمایا۔ قریش نے دیکھا کہ اب مسلمان مدینے میں جا کر طاقت پکڑتے جاتے ہیں اور وہاں اسلام پھیلتا جاتا ہے۔ چنانچہ لوگوں نے مختلف رائیں پیش کیں۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں: (5)

الف۔
مجھے دربدر یہ پھرائے گا، نہ کبھی یہ راہ پر آئے گا
مجھے پیس ڈالے گا آسماں، نہ کہوں جو تم سے تو کیا کروں
نہ زمیں سنے نہ فلک سُنے، نہ بشر سنے نہ مَلک سُنے
نہیں سنتا کوئی مِری فغاں، نہ کہوں جو تم سے تو کیا کروں

ب۔
ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے
ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بہار سے

سوال نمبر 5: درج ذیل کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں: (5)

الف۔
ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
چشمِ دل کھول اُس بھی عالَم پر
یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

ب۔
موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

سوال نمبر 6: ایک تفریحی سفر کی روداد تحریر کریں۔ (6)

سوال نمبر 7: گاہک اور دکاندار کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (رسمی کلمات کے علاوہ دیے گئے موضوع پر کم از کم پانچ مکالمے لکھیں)۔ (5)

* * * * *



FBISE PAST PAPERS

# اردو (لازمی) برائے جماعت نہم
## سوالات کا حاصلاتِ تعلّم کے ساتھ تعلق
## (کریکلم 2006ء)
## حصہ اوّل (15 نمبر)

سوال نمبر 1:

| جزو نمبر | مہارت | ذیلی مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|---|
| (1) | زبان شناسی | جملے کی ساخت | 1۔ جملے کے اجزائے ترکیبی کی تعریف کر سکے۔ |
| (2) | زبان شناسی | جملے کی ساخت | 2۔ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ میں امتیاز کر سکے۔ |
| (3) | زبان شناسی | جملے کی ساخت | 1۔ جملے کے اجزائے ترکیبی کی تعریف کر سکے۔ |
| (4) | زبان شناسی | جملے کی ساخت | 1۔ جملے کے اجزائے ترکیبی کی تعریف کر سکے۔ |
| (5) | زبان شناسی | علم بیان۔ صنائع بدائع | 4۔ علم بیان کی بنیادی اصطلاحوں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (6) | زبان شناسی | علم بیان۔ صنائع بدائع | 4۔ علم بیان کی بنیادی اصطلاحوں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (7) | زبان شناسی | علم بیان۔ صنائع بدائع | 4۔ علم بیان کی بنیادی اصطلاحوں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (8) | زبان شناسی | علم بیان۔ صنائع بدائع | 4۔ علم بیان کی بنیادی اصطلاحوں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (9) | زبان شناسی | علم بیان۔ صنائع بدائع | 4۔ علم بیان کی بنیادی اصطلاحوں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (10) | استحسان اور تنقید | علم بیان۔ صنائع بدائع | 4۔ علم بیان کی بنیادی اصطلاحوں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (11) | زبان شناسی | علم بیان۔ صنائع بدائع | 5۔ دیگر اصطلاحاتِ شعری کی تعریف اور مثالیں جان سکے۔ مصرع، شعر، بند، مطلع، مقطع، قافیہ، ردیف وغیرہ |
| (12) | زبان شناسی | محضر اور طرزِ بیان اسلوب | 8۔ مختلف اندازِ بیان محضر (ادبی، صحافتی، دفتری، قانونی، تکنیکی وغیرہ) میں امتیاز کر سکے |
| (13) | زبان شناسی | روزمرہ۔ محاورہ | 7۔ غلط فقرات کی روزمرہ محاورہ کے لحاظ سے درستی کر سکے |
| (14) | زبان شناسی | علم بیان | علم بیان کی بنیادی اصطلاحوں، تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (15) | استحسان اور تنقید | علم بیان۔ صنائع بدائع اور شعری اصطلاحات سے آگہی حاصل کر سکے | 3۔ نثر اور نظم پر مشتمل کسی تحریر کا علم بیان اور شعری اصطلاحوں کی روشنی میں جائزہ لے سکے، خلاصہ لکھ سکے اور تشریح کر سکے۔ |

## حصہ دوم (34 نمبر)

| سوال نمبر | جزو نمبر | مہارت | ذیلی مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|---|---|
| 2 | (الف) i. | استحسان اور تنقید | | 1. کسی فن پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے۔ |

FBISE PAST PAPERS

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ii. | استحسان اور تنقید | 2۔ کسی فن پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات اور خلاصہ کر سکیں | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر)<br>4۔ کسی تحریر (خاص طور پر علمی مضمون) کی فکری و فنی خوبیوں سے آگاہ ہو سکے۔ |
| | iii. | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | iv. | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | v. | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | vi. | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | vii. | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | viii. | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | ix. | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 1۔ کسی نثر و نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | (ب) i. | استحسان اور تنقید | 8۔ کسی فن پارے میں احساس، جذبے اور تاثر کی شدت اور ابلاغ کی صورت کا تجزیہ کر کے اپنی انتقادی رائے دے سکنا | 1۔ کسی نثر اور نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | ii. | استحسان اور تنقید | 8۔ کسی فن پارے میں احساس، جذبے اور تاثر کی شدت اور ابلاغ کی صورت کا تجزیہ کر کے اپنی انتقادی رائے دے سکنا | 1۔ کسی نثر اور نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | iii. | استحسان اور تنقید | 8۔ کسی فن پارے میں احساس، جذبے اور تاثر کی شدت اور ابلاغ کی صورت کا تجزیہ کر کے اپنی انتقادی رائے دے سکنا | 1۔ کسی نثر اور نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | iv. | استحسان اور تنقید | 8۔ کسی فن پارے میں احساس، جذبے اور تاثر کی شدت اور ابلاغ کی صورت کا تجزیہ کر کے اپنی انتقادی رائے دے سکنا | 1۔ کسی نثر اور نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | v. | استحسان اور تنقید | 8۔ کسی فن پارے میں احساس، جذبے اور تاثر کی شدت اور ابلاغ کی صورت کا تجزیہ کر کے اپنی انتقادی رائے دے سکنا | 1۔ کسی نثر اور نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |
| | vi. | استحسان اور تنقید | 8۔ کسی فن پارے میں احساس، جذبے اور تاثر کی شدت اور ابلاغ کی صورت کا تجزیہ کر کے اپنی انتقادی رائے دے سکنا | 1۔ کسی نثر اور نظم کا فکری و فنی خوبیوں اور نقائص سے آگاہ ہو سکے اور انہیں بیان کر سکے (تحریر و تقریر) |

FBISE PAST PAPERS

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | (ج) i. | زبان شناسی | اصناف سخن | 4۔ علم بیان کی اصطلاحوں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل سے آگاہ ہو سکے۔ |
| | ii. | زبان شناسی | اصناف سخن | 8۔ مختلف اصناف سخن میں تمیز کر سکے۔ |
| | iii. | زبان شناسی | اصناف سخن | 5۔ دیگر اصطلاحات شعری کی تعریف اور مثالیں جان سکے۔ مصرع، شعر، بند، مطلع، مقطع، قافیہ ردیف وغیرہ |
| | iv. | زبان شناسی | اصناف سخن | 10۔ مرکب ناقص اور مرکب تام میں فرق کر سکے۔ |
| | v. | زبان شناسی | اصناف سخن | 5۔ دیگر اصطلاحات شعری کی تعریف اور مثالیں جان سکے۔ مصرع، شعر، بند، مطلع، مقطع، قافیہ ردیف وغیرہ |

## حصہ سوم (26 نمبر)

| سوالنمبر | مہارت | ذیلی مہارت | حاصلاتِ تعلم |
|---|---|---|---|
| 3 | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 3۔ نثر و نظم پر مشتمل کسی تحریر کا علم بیان اور شعری اصطلاحوں کی روشنی میں جائزہ لے سکے، خلاصہ لکھ سکے اور تشریح کر سکے |
| 4 | استحسان اور تنقید | 4۔ تحریری محاسن کو جانچنے کے لیے بنیادی تنقیدی بصیرت حاصل کرنا | 3۔ نثر و نظم پر مشتمل کسی تحریر کا علم بیان اور شعری اصطلاحوں کی روشنی میں جائزہ لے سکے، خلاصہ لکھ سکے اور تشریح کر سکے |
| 5 | استحسان اور تنقید | | 3۔ نثر و نظم پر مشتمل کسی تحریر کا علم بیان اور شعری اصطلاحوں کی روشنی میں جائزہ لے سکے، خلاصہ لکھ سکے اور تشریح کر سکے |
| 6 | مہارتِ حیات | | 1۔ روزمرہ زندگی کے حوالے سے روداد، آپ بیتی تحریر کر سکے۔ |
| 7 | لکھنا | 4۔ مکالمہ، ڈراما، معروف اور بیانیہ / مجہول لکھنا | 8۔ روزمرہ زندگی کے تجربات، مشاہدات، معمولات یا واقعے کے حوالے سے مکالمہ، یادداشت، ڈائری تحریر کر سکے |

FBISE PAST PAPERS

# URDU COMPULSORY SSC-I

Table of Specifications

| Assessment Objectives | تدریجی مقصود<br>لکھنا | تدریجی مقصود<br>زبان شناسی | تدریجی مقصود<br>استحسان اور تنقید | تدریجی مقصود<br>مہارتِ حیات | کل نمبر | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **سمجھنا**<br>**Understanding Based** | | 1(ii)(1)، 1(iv)(1)، 1(xii)(1)، 1(xiv)(1)، 2ج(i)(2)، 2ج(ii)(2)، 2ج(iii)(2)، 2ج(v)(2) | 2الف(iii)(2)، 2الف(iv)(2)، 2الف(v)(2)، 2الف(viii)(2)، 3(3)، 2ب(i)(2)، 2ب(iv)(2)، 4(3)، 5(3) | 6(6) | 39 | 48.1% |
| **یاد میں لانا**<br>**Knowledge Based** | | 1(i)(1)، 1(iii)(1)، 1(v)(1)، 1(vii)(1)، 1(viii)(1)، 1(xi)(1)، 1(xiii)(1)، 2ج(iv)(2) | 1(x)(1)، 2الف(i)(2)، 2الف(ii)(2)، 2الف(vi)(2)، 2الف(vii)(2)، 2ب(ii)(2)، 2ب(iii)(2)، 2ب(v)(2)، 2ب(vi)(2) | | 26 | 32.1% |
| **لاگو کرنا**<br>**Application Based** | 7(5) | 1(vi)(1)، 1(ix)(1) | 1(xv)(1)، 2الف(ix)(2)، 3(2)، 4(2)، 5(2) | | 16 | 19.8% |
| **Total Marks** | 5 | 23 | 47 | 6 | 81 | 100% |

Key:

2الف(i)(2)

سوال نمبر جزو (جزو کا جزو) (کل نمبر)

FBISE PAST PAPERS